روزنامہ

# الفضل

FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 17 دسمبر 2008ء 18 ذوالحج 1429 ہجری 17 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 284

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ بھی یاد رکھو کہ یہی شہادت نہیں کہ ایک شخص جنگ میں مارا جائے بلکہ یہ امر ثابت شدہ ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں ثابت قدم رہتا ہے اور اس کے لئے ہر دکھ درد اور مصیبت کو اٹھانے کے لئے مستعد رہتا ہے اور اٹھاتا ہے وہ بھی شہید ہے۔ شہید کا مقام وہ مقام ہے جہاں وہ اللہ تعالیٰ کو گویا دیکھتا اور مشاہدہ کرتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی ہستی اس کی قدرتوں اور تصرفات پر وہ اس طرح ایمان لاتا ہے جیسے کسی چیز کو انسان مشاہدہ کر لیتا ہے۔ جب اس حالت پر انسان پہنچ جاوے۔ پھر اس کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینا کچھ بھی مشکل نہیں ہوتا بلکہ وہ اس میں راحت اور لذت محسوس کرتا ہے۔ شہادت کا ابتدائی درجہ خدا کی راہ میں استقلال اور ثبات قدم ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص نہ مرا اللہ کی راہ میں اور نہ تمنا کی مر گیا وہ نفاق کے شعبہ میں۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ کوئی شخص کامل مومن نہیں ہوتا جب تک اللہ تعالیٰ کی راہ میں مرنا دنیا کی زندگی سے وہ مقدم نہ کرے۔ پھر یہ کیسا گراں مرحلہ ہے ان لوگوں کے لئے جنہوں نے دنیا کی حیات کو عزیز سمجھا۔ خدا تعالیٰ کی راہ میں مرنے کے یہ معنے نہیں کہ انسان خواہ مخواہ لڑائیاں کرتا پھرے بلکہ اس سے یہ مراد ہے کہ خدا تعالیٰ کے احکام اور اوامر کو اس کی رضا کو اپنی تمام خواہشوں اور آرزوؤں پر مقدم کرے اور پھر اپنے دل میں غور کرے کہ کیا وہ دنیا کی زندگی کو پسند کرتا ہے یا آخرت کو اور خدا کی راہ میں اگر اس پر مصائب اور شدائد بھی پڑیں تو وہ ایک لذت اور خوشی کے ساتھ انہیں برداشت کرے اور اگر جان بھی دینی پڑے تو تردد نہ ہو۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 423)

## کم سن مجاہد

بدر کے لئے روانگی کے وقت کچھ بچے بھی فوج کے ساتھ آ گئے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے ان کی واپسی کا حکم دیا۔ حضرت عمیر بن ابی وقاصؓ بھی کم سن تھے وہ یہ حکم سن کر رونے لگ پڑے تو رسول اللہؐ نے ان کا غیر معمولی شوق دیکھ کر انہیں اجازت دے دی۔ پھر اپنے دست مبارک سے ان کو تلوار باندھی اور وہ اس جنگ میں داد شجاعت دیتے ہوئے شہید ہو گئے۔

(مستدرک حاکم جلد 3صفحہ 208۔ مناقب عمیر)

## خصوصی درخواست دعا

۞ محترم چوہدری محمد علی صاحب وکیل التصنیف تحریک جدید ربوہ کی صحت گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے بخار گلے کی خرابی اور خارش کی وجہ سے خراب چلی آ رہی ہے۔ بخار اور گلے کی خرابی تو کچھ بہتر ہے لیکن خارش کی تکلیف تا حال باقی ہے۔ احباب سے آنمحترم کی صحت کاملہ وعاجلہ کیلئے عاجزانہ دعا کی درخواست ہے۔

## ماہر امراض جلد کی آمد

۞ مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد مورخہ 28 دسمبر 2008ء کو آؤٹ ڈور گراؤنڈ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ ضرورت مند احباب وخواتین ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## ضرورت کیمسٹری ٹیچر

۞ مریم گرلز ہائی سکول ربوہ کیلئے ایک کیمسٹری ٹیچر کی ضرورت ہے۔

تعلیمی قابلیت: بی ایس سی/ایم ایس سی کیمسٹری

خدمت دین کا جذبہ رکھنے والی خواتین اپنی درخواستیں مع اسناد و شناختی کارڈ کی کاپی بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ کو بھجوادیں۔ درخواست پر اپنا مکمل ایڈریس اور فون نمبر ضرور تحریر کریں۔

(پرنسپل مریم گرلز ہائی سکول ربوہ)

## ربوہ میں پلاٹس کی خرید وفروخت

۞ بعض شکایات کے پیش نظر احباب جماعت سے درخواست ہے کہ ربوہ میں پلاٹس/مکانات کی خرید وفروخت کرتے وقت درج ذیل امور کا خیال رکھیں۔

1۔ باقاعدہ تحریری معاہدہ کیا جائے۔

2۔ اگر کسی پراپرٹی ڈیلر کے ذریعہ سودا کریں تو ان کا اجازت نامہ از مرکز چیک کرلیں۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

# خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی نمائش

## جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ کو مورخہ 24 تا 26 نومبر 2008ء کو ایک تاریخی، معلوماتی اور دلچسپ خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی نمائش منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ یہ نمائش جامعہ احمدیہ کی دوسری منزل پر موجود لائبریری میں ترتیب، محنت اور تحقیق کے بعد سجائی گئی۔ اس سے الگ الگ اوقات میں ہزاروں احباب وخواتین نے استفادہ کیا۔

افتتاحی تقریب مورخہ 24 نومبر کو صبح 9 بجے منعقد ہوئی۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم امین الرحمٰن صاحب نگران اعلیٰ نمائش نے رپورٹ پڑھی۔ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے فیتہ کاٹ کر اور دعا کے ساتھ افتتاح کیا۔ اس موقع پر محترم راجہ منیر احمد خان صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن نے مہمانوں کو نمائش کے مختلف حصوں کا تعارف کرایا اور مہمان خصوصی نے وزیٹرز بک میں اپنے تاثرات قلمبند کئے اور ایم ٹی اے کو انٹرویو دیتے ہوئے اس نمائش پر خوشنودی کا اظہار فرمایا۔ بعد ازاں مہمانان کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

نمائش کے لئے تمام راستوں اور نمائش ہال کو رنگا رنگ جھنڈیوں، چارٹس اور تصویروں کی مدد سے خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا تھا۔ اس نمائش کو جن سات حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا ان میں پانچوں خلفاء سلسلہ کے متبرک ادوار، متفرق تاریخ اور تبرکات شامل ہیں۔

دور خلافت اولیٰ میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے بارے میں مختلف معلومات اور تصاویر چارٹس پر آویزاں کی گئی تھیں۔ جن میں آپ کا شجرہ نسب، مختصر سوانح عمری، خلافت سے قبل اور بعد کے اسفار کا ذکر، کتب کا تعارف، بھیرہ سے متعلق معلومات، کارہائے نمایاں، مکتوبات، تحریرات کا عکس اور دوسری معلومات کو عمدہ رنگ میں پیش کیا گیا تھا۔ دور خلافت ثانیہ میں پیشگوئی مصلح موعود اور اس کے مصداق ہونے کا دعویٰ، کتب، علمی کارنامے، آپ کے دور میں تعمیر ہونے والے مشن ہاؤسز کی تفصیل، کارہائے نمایاں اور آپ کی یادوں پر مبنی فوٹو گیلری خوبصورتی سے بنائی گئی تھی۔ دور خلافت ثالثہ میں متفرق تصاویر کے ذریعہ آپ کی خدمات سلسلہ جن میں پرنسپل جامعہ احمدیہ وتعلیم الاسلام کالج، صدر مجلس خدام الاحمدیہ وانصاراللہ، کارہائے نمایاں، انتخاب خلافت اور بعد خلافت کی زندگی کا احسن رنگ میں نقشہ کھینچا گیا تھا۔ آپ کے بیرونی ممالک کے اسفار اور ان سے تعلق مختلف اخبارات کی کوریج اور تحریکات کا ذکر کیا گیا تھا۔ دور خلافت رابعہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا سوانحی خاکہ، کارہائے نمایاں، ایم ٹی اے، اس دور کے شہداء، تحریکات اور آپ کی کتب بھی رکھی گئی تھیں۔ اس حصہ کو بھی دیگر حصوں کی طرح خوبصورت یادوں پر مبنی تصاویر سے سجایا گیا تھا۔ دور خلافت خامسہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے متعلق بچپن، جوانی، اسیری سے متعلق معلومات اور تصاویر آویزاں تھیں۔ خلافت سے قبل مختلف تقریبات میں شرکت اور خلافت کے بعد کارہائے نمایاں کی تفصیلات بڑی خوبصورتی سے لگائی گئی تھیں۔

ان کے علاوہ جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن میں منعقد ہونے والی مختلف تقریبات کی تصاویر، خاص طور پر وہ تصاویر شامل کی گئی تھیں۔ جن میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ جب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی ربوہ تھے، جامعہ احمدیہ میں تشریف لائے تھے۔ ان پرانی اور قیمتی یادوں کو زندہ کیا گیا تھا۔ تبرکات کے حصہ میں حضرت مسیح موعود، حضرت اماں جان اور خلفاء سلسلہ کے زیر استعمال بعض تبرکات رکھے گئے تھے۔ جن میں حضرت مسیح موعود کے زیر استعمال رہنے والی چینک، حضرت اماں کے استعمال میں رہنے والا کانسی کا گلاس اور دیگر خلفاء سلسلہ کے تبرکات میں جائے نماز، پگڑی، کوٹ وغیرہ کئی قسم کی متبرک چیزیں رکھی گئی تھیں۔ یہ چیزیں شائقین و زائرین کی نگاہوں کا مرکز تھیں۔ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر مختلف جماعتوں اور اداروں کی طرف سے بنائے گئے سوونیئرز جن میں گھڑیاں، قلم، ڈائریاں، یادگاری ٹکٹیں اور کیلنڈر وغیرہ رکھے گئے تھے۔ ایک ڈاکومنٹری بھی اس نمائش کی زینت تھی جس میں خلفاء احمدیت پر مبنی ایک معلوماتی پروگرام چلتا رہا۔ جامعہ کی بلڈنگ کے سامنے کھانے پینے کی چیزوں کا سٹال بھی لگایا گیا تھا۔ زائرین جامعہ کے سبزہ زار میں بیٹھ کر ان چیزوں سے لطف اندوز ہوئے۔

اس تاریخی اور معلوماتی نمائش کو کامیاب بنانے کے لئے 16 اساتذہ کی ٹیم اور طلباء جامعہ نے دن رات کام کیا۔ اس نمائش کا بنیادی مقصد خلافت کا مقام اور مرتبہ واضح کرنا اور خلافت کی محبت دلوں میں پیدا کرنا تھا۔ اس کے علاوہ طلباء جامعہ احمدیہ کے ازدیاد علم وایمان بھی ایک بڑا مقصد تھا۔ نمائش کے اختتام پر طلباء جامعہ سے ایک Objective ٹائپ پیپر بھی لیا گیا۔ جس میں اس نمائش میں موجود مختلف معلومات کے بارے میں مختصر سوالات بنا کر طلباء کے سامنے رکھے گئے۔ اللہ تعالیٰ اس نمائش کے نیک اثرات مرتب فرمائے اور نمائش کی جملہ انتظامیہ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

# ٹیچرز ٹریننگ کلاس

## (زیر انتظام نظارت تعلیم القرآن و وقف عارضی)

محض خدا تعالیٰ کے فضل سے نظارت اصلاح و ارشاد برائے تعلیم القرآن و وقف عارضی کو خلافت احمدیہ کے صدسالہ جوبلی جشن تشکر کے بابرکت سال میں اس سال کی تیسری اور مجموعی طور پر 50 ویں تعلیم القرآن ٹیچرز ٹریننگ کلاس مورخہ 17 تا 27 نومبر 2008ء منعقد کرنے کی توفیق حاصل ہوئی۔ ان کلاسز کا مقصد احباب جماعت میں تعلیم القرآن کا شوق پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ حدیث "خیرکم من تعلم القرآن و علمه" کا مصداق بنانا بھی تھا۔ اس کلاس میں جو طلباء شامل ہو کر علم قرآن سیکھتے ہیں انہیں بطور استاد اور معلم تیار کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تا کہ وہ اپنے علاقوں میں جا کر آگے بھی لوگوں کو قرآن کریم سکھانے کا موجب بنیں۔

ان ٹیچرز ٹریننگ کلاسز میں جماعتوں سے محدود تعداد میں طلباء کو بلایا جاتا ہے جن میں صرف انصار اور خدام شامل ہوتے ہیں۔ امسال کی اس تیسری کلاس میں 14 اضلاع کے 25 طلباء نے شرکت کی۔ ان طلباء کا تعلق ربوہ کے علاوہ کراچی، اسلام آباد، شیخوپورہ، بہاولنگر، سرگودھا، مردان، ملتان، کوٹلی آزاد کشمیر، خوشاب، حیدرآباد، راولپنڈی، میرپورخاص اور کوئٹہ سے ہے۔ ربوہ کے لئے یہ کلاس الگ کروائی جاتی ہے۔ اس کلاس میں طلباء کی رہائش کے لئے دفتر انصاراللہ پاکستان کے گیسٹ ہاؤس سرائے ناصر میں انتظام کیا گیا تھا۔ تدریس کے لئے کلاس دفتر انصاراللہ کے بالائی ہال میں صبح 8:15 بجے تا 1:00 لگائی جاتی رہی۔ کلاس میں پانچ پیریڈز رکھے گئے تھے جس میں ترجمۃ القرآن، تجوید اور قراءت قرآن، عربی گرائمر اور عربی بول چال، اور حفظ قرآن و تلاوت شامل ہیں۔ تدریس کے لئے مربیان سلسلہ مکرم منصور احمد ناصر صاحب، مکرم محمد اکرم عمر صاحب، مکرم محمد افضل فہیم صاحب اور مکرم حافظ مسرور احمد صاحب نے فرائض سرانجام دیئے۔

روزانہ نماز عشاء کے بعد ایک گھنٹہ سٹڈی ٹائم رکھا گیا جس میں طلباء اپنے روزانہ کے اسباق کو دہراتے رہے۔ کلاس کے طلباء کو نمائش جدید پریس، نمائش جامعہ احمدیہ (جونیئر سیکشن)، دفاتر تحریک جدید، دفاتر صدر انجمن احمدیہ، قصر خلافت، فضل عمر ہسپتال اور طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کا وزٹ کروایا گیا نیز ان کو سیر و تفریح کے لئے بیوت الحمد پارک بھی لے جایا گیا۔ نماز عصر کے بعد ایک خصوصی نشست "صحبت صالحین" میں سلسلہ کے علماء اور بزرگان سے ملاقات کروائی جاتی رہی۔

مورخہ 26 نومبر 2008ء کو طلباء کا تحریری وزبانی امتحان لیا گیا جس میں تجوید القرآن، ترجمۃ القرآن اور عربی گرائمر کا امتحان تحریری، جبکہ حفظ اور ناظرہ قرآن کا امتحان زبانی تھا۔ کلاس کے دوران مقابلہ تلاوت اور حفظ قرآن بھی کروایا گیا۔

مورخہ 27 نومبر 2008ء کو دن 12 بجے دفتر انصاراللہ کے بالائی ہال میں ہی اس کلاس کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی مکرم مرزا محمد الدین ناز صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد برائے تعلیم القرآن و وقف عارضی تھے۔ طلباء کلاس، اساتذہ اور مہمانان کی ایک کثیر تعداد اس تقریب میں موجود تھی۔

تلاوت ونظم کے بعد مکرم قاری مسرور احمد صاحب انچارج تعلیم القرآن ٹیچرز ٹریننگ کلاس نے دوران کلاس کی مکمل کارگزاری رپورٹ پیش کی جس کے بعد محترم مہمان خصوصی نے امتحان میں کامیابی اور اعزاز پانے والے طلباء میں انعامات تقسیم کئے اور طلباء سے خصوصی خطاب کیا جس میں انہوں نے قرآن کریم کی حقیقی تعلیم کو اپنی عملی زندگیوں میں ڈھالنے اور اس کی خوبصورت تعلیم کی روشنی سے دوسروں کو بھی منور کرنے کی تلقین کی۔ آخر پر مہمان خصوصی نے اختتامی دعا کروائی جس کے بعد تقریب کے تمام شرکاء کی خدمت میں ظہرانہ پیش کیا گیا۔

(رپورٹ ایم۔اے رشید)


# ملازمت کے مواقع

پاکستان آئل فیلڈ کو مینیجر (جیالوجی) جیالوجسٹ، جیوفزسٹ، سیفٹی انجینئر، مکینیکل انجینئر، سول انجینئر، انسٹرومنٹ انجینئر، پروسس انجینئر اور اسسٹنٹ پروسس انجینئر درکار ہیں۔ رابطہ کیلئے چیف ایگزیکٹو پاکستان آئل فیلڈ لمیٹڈ پی او ایل ہاؤس مورگہ راولپنڈی

PEPCO میں مختلف آسامیوں کیلئے نوجوان درکار ہیں۔ رابطہ اور معلومات کیلئے مورخہ 14 دسمبر 2008ء کا روزنامہ ڈان ملاحظہ کریں۔

ہلال کنفیکشنری پرائیویٹ لمیٹڈ کو Creative Designer درکار ہے۔ رابطہ کیلئے ہیومین ریسورس ڈیپارٹمنٹ، ہلال کنفیکشنری 508-507 کلفٹن سنٹر، مین کلفٹن روڈ کراچی۔

Careers@hilalcandy.com

نوٹ: مزید معلومات کیلئے مورخہ 14 دسمبر 2008ء کا روزنامہ ڈان ملاحظہ کریں۔

(نظارت صنعت وتجارت)


پبلشر وپرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

2

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ بھارت

## چنائی اور کیرالہ میں بیت ہادی و بیت القدوس کا افتتاح، خطاب اور ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

## 24 نومبر 2008ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی دہلی میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سفر قادیان پر روانگی سے ایک روز قبل خطبہ جمعہ میں احباب جماعت کو دعاؤں کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا تھا۔

ہندوستان ایک بڑا وسیع ملک ہے اور غریب لوگ ہیں۔ اس لئے نہیں آسکتے تو بعض دوسرے شہروں میں بھی جانے کا پروگرام ہے۔ اللہ تعالیٰ ان جگہوں کے پروگرام بھی ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے اور میرا یہ دورہ بیشمار برکات کا حامل ہو اور ان کو سمیٹنے والا ہو۔

## چنائی روانگی

چنانچہ آج اس پروگرام کے مطابق ساؤتھ انڈیا کے مختلف علاقوں کی جماعتوں کے دورہ کا آغاز ہو رہا تھا۔ آج صوبہ تامل ناڈو کے شہر چنائی (Chennai) اور پھر وہاں سے کیرالہ سٹیٹ کے شہر کالیکٹ کے لئے روانگی تھی۔

پروگرام کے مطابق صبح آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور دہلی ایئرپورٹ کے لئے روانگی ہوئی۔ نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز دہلی ایئرپورٹ پہنچے اور VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔

VIP لاؤنج میں درج ذیل سرکردہ حکام نے اپنے سفر پر جاتے ہوئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے شرف ملاقات حاصل کیا۔

(1) منسٹر آف سٹیٹ فار ہوم افیئرز حکومت ہند Shri Prakash Jaiswal موصوف نے حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ حضور انور نے ان سے گفتگو فرمائی۔ دہشت گردی اور بدامنی کے ذکر پر حضور انور نے فرمایا کہ دہشت گردی کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ انسانیت کو تحفظ ملنا چاہئے۔ جب انسان کا تحفظ خطرہ میں پڑ جاتا ہے تو پھر اس کا ردعمل ظاہر ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ ردعمل بھی غلط طرف کا ہوتا ہے۔ وزیر موصوف 2004ء سے حکومت میں اسی عہدہ پر فائز ہیں، 2005ء میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی قادیان آمد کے موقع پر غیر ملکی احباب کو ویزے دلوانے کے سلسلہ میں بھرپور مدد کی تھی۔

(2) وزارت داخلہ کے ایک افسر S.K Negi صاحب نے بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت پائی۔

(3) سماج وادی پارٹی کے معروف لیڈر Mr. Amar Sing (جو نیشنل اسمبلی کے ممبر پارلیمنٹ بھی ہیں) نے بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کا شرف پایا۔ حضور انور نے ان سے گفتگو فرمائی۔ ان لیڈران نے حضور انور کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔

ایئرپورٹ پر VVIP سٹیٹس کے لحاظ سے کلیئرنس دی گئی۔

VIP لاؤنج سے ایک سپیشل گاڑی کے ذریعہ گورنمنٹ کے پروٹوکول آفیسر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو جہاز کی سیڑھیوں تک چھوڑنے آئے اور حضور انور کو جہاز پر سوار کرا کر رخصت ہوئے۔

پرواز ساڑھے گیارہ بجے دہلی کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے صوبہ تامل ناڈو کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ چنائی (Chennai) کے لئے روانہ ہوئی اور قریباً پونے تین گھنٹے کے سفر کے بعد جہاز Chennai کے ایئرپورٹ پر اترا اور خلیفۃ المسیح کے قدم پہلی بار ہندوستان کے صوبہ تامل ناڈو کی سرزمین پر پڑے جو قادیان سے تین ہزار کلومیٹر دور ہے۔

جہاز کے دروازہ پر ایئرپورٹ ڈپٹی مینیجر، کسٹم آفیسر انچارج، Jet ایئرلائن کے پروٹوکول آفیسر اور پولیس آفیسرز نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا استقبال کیا۔ ایئرپورٹ کے لاؤنج میں مجلس عاملہ جماعت Chennai کے ممبران نے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

## چنائی میں آمد

مقامی جماعت نے یہاں حضور انور کے قیام کا انتظام Trident ہوٹل میں کیا تھا۔ ایئرپورٹ سے پولیس کے Escort میں قافلہ ہوٹل Trident کے لئے روانہ ہوا۔ تین بجے ہوٹل تشریف آوری ہوئی۔ ہوٹل کا سینئر سٹاف پہلے سے ہی حضور انور کی آمد کا منتظر تھا۔ سٹاف نے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

## جماعت سے ملاقات

جماعت احمدیہ چنائی (Chennai) کی لجنہ اور ناصرات ہوٹل کے ایک ہال میں جمع تھیں۔ اس ہال میں ہی حضور انور سے ملاقات کا انتظام کیا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا اس ہال میں تشریف لے گئے۔ ناصرات اور لجنہ نے دعائیہ نظمیں خوش الحانی سے کورس کی صورت میں پیش کیں۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لجنہ سے مختصر خطاب فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے لجنہ کو خلافت کی برکات حاصل کرنے کے لئے نمازوں کی ادائیگی اور دعاؤں کی طرف توجہ دلائی اور اولاد کی تعلیم و تربیت کی طرف خصوصیت سے توجہ دلائی۔

حضور انور نے فرمایا کہ مائیں اپنی اولاد کے لئے نیک نمونہ بن جائیں کیونکہ آئندہ نسل کی تربیت کی ذمہ داری آپ کو سونپی گئی ہے۔ حضور انور نے لجنہ کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ اگلی دفعہ جب میں یہاں آؤں تو یہ جماعت بہت بڑی ہو جانی چاہئے۔ آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے زیر تعلیم بچیوں کو قلم عطا فرمائے اور چھوٹی عمر کی بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

دوپہر کے کھانے کا انتظام اسی ہوٹل میں کیا گیا تھا۔

## بیت ہادی کا افتتاح

پروگرام کے مطابق اس ہوٹل سے چار بجے چنائی شہر کے ایک حلقہ Saint Thomas Mount میں نئی تعمیر ہونے والی احمدیہ بیت ہادی کے افتتاح کے لئے روانگی ہوئی۔ پولیس کی گاڑی قافلہ کو Escort کر رہی تھی۔ ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت ہادی پہنچے تو احباب جماعت نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پرجوش استقبال کیا اور نعرے بلند کئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں جس کے ساتھ بیت کا افتتاح عمل میں آیا۔ یہ 1947ء کے بعد ہندوستان کی سرزمین پر تعمیر ہونے والی پہلی ایسی بیت ہے جس کا افتتاح خلیفۃ المسیح کے مبارک ہاتھوں سے ہوا ہے۔

آج احباب جماعت چنائی (Chennai) کے لئے خوشیوں، مسرتوں سے معمور ایک عید کا دن تھا۔ ایک بڑی تعداد نے اپنی زندگیوں میں پہلی بار کسی بھی خلیفۃ المسیح کو اپنے درمیان اتنا قریب دیکھا تھا۔ نمازوں میں یہ لوگ روتے تھے اور بعض سسکیاں لیتے تھے۔ ان میں سے بہتوں کی زندگی میں یہ پہلی ایسی نماز تھی جو انہوں نے خلیفۃ المسیح کی اقتداء میں پڑھی۔ ان کی خوشی ناقابل بیان تھی۔ بیت کے افتتاح کے لئے یہ لوگ دن رات تیاری کرتے رہے تھے۔ حضور انور کی مبارک آمد اور تیاری کے لئے انہوں نے رات دن ایک کر دیئے تھے۔ بیت کی طرف جانے والا راستہ کا کافی حصہ گڑھے پڑ جانے کی وجہ سے خراب تھا۔ ایک رات قبل خدام نے شدید بارش کے باوجود رات بھر وقار عمل کر کے سڑک کے اس حصہ کو درست کیا۔ جہاں سے حضور انور کی گاڑی گزرنی تھی تاکہ حضور کی کار کو کوئی جھٹکا نہ لگے۔ خدام نہایت مستعدی کے ساتھ انتہائی منظم طریق سے اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے تھے۔ شہر کے تمام چوراہوں اور دیگر راستوں جہاں جہاں سے حضور انور کی گاڑی سے گزرنا تھا۔ خدام اپنے مخصوص یونیفارم میں ڈیوٹی پر موجود تھے اور ٹریفک کو بھی کنٹرول کرتے تھے۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت تمام احباب کو شرف مصافحہ بخشا۔ بعد ازاں بیت کی بیرونی دیوار میں نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور دعا کروائی۔ بہت سے ہندو اور غیر احمدی دوست بھی اس تقریب میں شامل ہوئے جو بیت کے باہر کھڑے تھے۔

بیت ہادی کی تعمیر کے لئے زمین 2006ء میں خریدی گئی۔ جولائی 2007ء میں بیت کی تعمیر شروع ہوئی۔ اس بیت کی دو منازل ہیں۔ تیسری منزل پر مربی سلسلہ کے لئے رہائشی گھر ہے۔ کل تعمیر شدہ رقبہ 2212 مربع فٹ ہے۔ بیت کے دونوں ہال 931، 931 مربع فٹ پر مشتمل ہیں۔ مجموعی طور پر تین صد نمازیوں کی گنجائش ہے۔ یہ بیت 45 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل ہوئی ہے جس میں سے چار لاکھ روپے لجنہ اماء اللہ چنائی نے نقدی اور زیورات کی شکل میں پیش کئے ہیں۔

## چنائی کا تعارف اور اہمیت

صوبہ تامل ناڈو میں چنائی (Chennai) کا یہ شہر جس کا سابقہ نام مدراس تھا ایک کروڑ کی آبادی پر مشتمل ہے اور ہندوستان کے چار بڑے شہروں میں سے ایک ہے۔ اس شہر کو ایک خصوصیت یہ حاصل ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک حواری سینٹ تھامس (جوتھوما حواری) کے نام سے بھی معروف ہیں۔ حضرت مسیح کے کسی قبیلہ کی تلاش میں کیرالہ سے ہوتے ہوئے یہاں بھی آئے۔ Saint Thomas Mount کا علاقہ جہاں بیت ہادی کی تعمیر ہوئی ہے اسی حواری کے نام پر ہے اور یہ حواری اسی علاقہ میں مدفون ہیں۔

پھر اس علاقہ کو یہ خصوصیت بھی حاصل ہے کہ حضرت اقدس مسیح موعودؑ کا پیغام آپ کے زمانہ مبارک میں ہی اس جگہ پہنچا اور بعض خوش نصیب احباب کو قبول کرنے کی توفیق ملی۔

حضرت اقدس مسیح موعود نے اپنی کتاب ضمیمہ

انجام آتھم میں 313 رفقاء کا ذکر فرمایا ہے جن میں سے گیارہ رفقاء چنائی (مدراس) کے ہیں ان کے اسماء درج ذیل ہیں۔

1۔مکرم سیٹھ احمد صاحب عبدالرحمٰن حاجی اللہ رکھا تاجر......مدراس

2۔مکرم سیٹھ صالح محمد صاحب حاجی اللہ رکھا تاجر ......مدراس

3۔مکرم سیٹھ ابراہیم صاحب صالح محمد حاجی اللہ رکھا......مدراس

4۔مکرم سیٹھ عبدالحمید صاحب ایوب حاجی اللہ رکھا صاحب......مدراس

5۔مکرم حاجی مہدی صاحب عربی بغدادی نزیل ......مدراس

6۔مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب حاجی اللہ رکھا ......مدراس

7۔مکرم مولوی سلطان محمود صاحب میلا پور...... مدراس

8۔مکرم حکیم محمد سعید صاحب میلا پور......مدراس

9۔مکرم منشی قادر علی صاحب میلا پور......مدراس

10۔مکرم منشی غلام دستگیر صاحب میلا پور...... مدراس

11۔مکرم منشی سراج الدین صاحب ترمل کھیڑی ......مدراس(ضمیمہ انجام آتھم روحانی خزائن جلد11 ص326)

اس لحاظ سے چنائی (مدراس) کی جماعت احمدیت کی ابتدائی جماعتوں میں سے ہے۔کتنی ہی خوش قسمت ہے یہ سرزمین کہ جس پر حضرت مسیح موعود و مہدی معہود کے پیغام کو قبول کیا گیا اور پھر آج کتنی ہی مبارک ہے یہ سرزمین کہ گزشتہ سو سال میں کسی بھی خلیفۃ المسیح کے قدم پہلی بار اس زمین پر پڑے اور یہ زمین بھی ان مبارک زمینوں میں شامل ہوگئی جو حضور پُرنور کے وجود سے فیضیاب ہوئیں اور برکتوں سے حصہ پایا۔

## کالیکٹ کے لئے روانگی

بیت ہادی کی افتتاحی تقریب کے بعد پانچ بجے سہ پہر یہاں سے چنائی کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے لئے روانگی ہوئی۔ پروگرام کے مطابق اب یہاں سے صوبہ کیرالہ کے شہر کالیکٹ (Calicut) کے لئے روانگی تھی۔

ڈپٹی کمشنر آف پولیس کی سربراہی میں ایک سیکیورٹی دستہ حضور انور کے لئے سیکیورٹی کی ڈیوٹی پر متعین کیا گیا تھا۔ جو حضور انور کی آمد سے لے کر حضور انور کی روانگی تک ہر وقت ساتھ رہا۔ پولیس کی دو گاڑیاں قافلہ کے ساتھ چل رہی تھیں۔ ایک گاڑی قافلہ کو Escort کر رہی تھی۔

پانچ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایئرپورٹ پر پہنچے۔حضور انور کی آمد سے قبل بورڈنگ کارڈ کے حصول، سامان کی بکنگ اور امیگریشن کی کارروائی مکمل ہوچکی تھی۔ ویزا کے خصوصی سٹیٹس کی وجہ سے یہاں بھی سامان کی چیکنگ اور دیگر ہر طرح کی چیکنگ سے ایئرپورٹ سیکیورٹی حکام نے مستثنیٰ قرار دیا تھا اور سامان اور بورڈنگ پاس پر Security Check Exempted کی مہر لگائی گئی تھی۔

ایئرپورٹ پہنچتے ہی سیکیورٹی اور ایئرپورٹ حکام نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو Receive کیا اور وقت کی کمی کے باعث سیدھے جہاز کے اندر لے گئے۔

## کیرالہ میں آمد

ایئر انڈیا کی پرواز IC925 چھ بجکر دس منٹ پر چنائی انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے کالیکٹ کے لئے روانہ ہوئی اور ایک گھنٹہ دس منٹ کی پرواز کے بعد سات بجکر بیس منٹ پر جہاز صوبہ کیرالہ کے شہر کالیکٹ (Calicut) کے ایئرپورٹ پر اترا اور احمدیت کی اس پہلی صدی میں پہلی بار کسی بھی خلیفۃ المسیح کے مبارک قدم کیرالہ کی سرزمین پر پڑے اور اس زمین پر پڑے جہاں چودہ سو سال قبل اسلام حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کے ایک صحابی حضرت مالک بن دینارؓ کے ذریعہ ہندوستان میں داخل ہوا اور پھر کیرالہ سے سارے ہندوستان میں پھیلا۔

جہاز کے دروازہ پر ڈپٹی کمانڈر CISF، امیگریشن آفیسر، کسٹم آفیسر اور انڈین ایئر لائن کی سٹاف ممبر نے حضور انور کا استقبال کیا اور خوش آمدید کہا۔ ایئرپورٹ کے لاؤنج میں صوبہ کیرالہ (Kerala) کے زونل امراء کرام مکرم پروفیسر بی عبدالجلیل صاحب زونل امیر ٹرینوڈرم زون، مکرم بی احمد کبیر صاحب زونل امیر ایرناکلم مکرم پروفیسر عبدالکریم صاحب زونل امیر پالگھاٹ، مکرم محمد علی ماسٹر صاحب زونل امیر مالاپورم، مکرم ایم اے محمد صاحب زونل امیر کالیکٹ، مکرم این کنجی احمد ماسٹر صاحب زونل امیر کنور (Kannur) اور ان زون کے دیگر سینئر جماعتی عہدیداران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا استقبال کیا اور مصافحہ کی سعادت حاصل کی۔

ایئرپورٹ سے باہر احباب جماعت کیرالہ بڑی تعداد میں اپنے پیارے آقا کے استقبال کے لئے موجود تھے۔حضور انور کے چہرہ مبارک پر نظر پڑتے ہی ان کے ہاتھ بلند ہوگئے اور ہر طرف سے اھلاً وسھلاً و مرحبا کی آوازیں آنے لگیں۔ بہتوں کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔ان لوگوں نے اپنی زندگیوں میں پہلی بار کسی بھی خلیفۃ المسیح کو اپنے اتنا قریب دیکھا تھا۔ ایک صدی کے انتظار کے بعد ان کے ہاں یہ انتہائی مبارک اور تاریخی دن آیا تھا کہ خلیفۃ المسیح کا پُرنور وجود ان کے ہاں موجود تھا۔ یہ حضور انور کو دیکھتے ہی جاتے تھے اور ان کی نظریں حضور پُرنور کے چہرہ مبارک پر مرکوز تھیں۔ اس انتہائی روح پرور ماحول میں قافلہ ایئرپورٹ سے پولیس سیکیورٹی کے Escort میں مکرم ایم اے محمد صاحب زونل امیر کالیکٹ کی رہائش گاہ کی طرف روانہ ہوا۔ کالیکٹ میں حضور انور کا قیام مکرم ایم اے محمد صاحب زونل امیر کی رہائش گاہ پر تھا۔ سوا آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر پہنچے اور یہاں پر موجود احباب کو اپنا ہاتھ بلند کر کے السلام علیکم کہا اور اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

نماز مغرب وعشاء کی ادائیگی کا انتظام رہائش گاہ کے بیرونی لان (Lawn) میں کیا گیا تھا۔ آٹھ بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ قریباً ڈیڑھ صد سے زائد افراد نے حضور انور کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کی سعادت پائی۔ صوبہ کیرالہ کی سرزمین پر یہ پہلی نماز تھی جو کسی بھی خلیفہ وقت نے پڑھائی۔

## کیرالہ کا تعارف

صوبہ کیرالہ ہندوستان کے جنوب میں بحر عرب کے ساحل پر واقع ہے۔ اس کا رقبہ 38 ہزار 863 کلومیٹر اور آبادی تین کروڑ 18 لاکھ ہے۔ یہ صوبہ سرسبز وشاداب، نشیب وفراز، پہاڑیوں، وادیوں اور گھنے جنگلوں جیسے قدرتی مناظر سے مزین ہے۔ قدیم زمانہ سے یہ صوبہ تجارت کا مرکز رہا ہے۔

اسلام سے قبل عرب، یہود، چینی اور یورپین قافلے اپنے اقتصادی مواد اور تجارت کی خاطر یہاں آتے رہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری سینٹ تھامس کیرالہ کے شہر Kodongallore یہودی قبائل کی تلاش میں آئے اور ان کو عیسائی بنایا اور مدراس (چنائی) جانے سے قبل یہاں مقیم رہے۔

ہندوستان میں اسلام کی آمد سب سے پہلے کیرالہ میں ہوئی۔ آنحضرت ﷺ کے صحابی حضرت مالک بن دینارؓ اپنے تجارتی سفر میں ارض ہند کے شہر کیرالہ آئے اور اسلام کا پیغام پہنچایا۔ اس وقت کے کیرالہ کے حکمران نے اسلام قبول کیا اور پھر مکہ کا سفر بھی اختیار کیا۔

## کیرالہ میں احمدیت

کیرالہ میں احمدیت کا پیغام 1897ء میں پہنچا جب کیرالہ کے ای عبدالقادر صاحب کو ان کے دوست محمد دیدی صاحب جو جزیرہ مالدیپ کے رہنے والے تھے نے کلکتہ سے اسلامی اصول کی فلاسفی تحفۃً ارسال کی۔ اس طرح حضرت مسیح موعود کے زمانے میں ہی یہاں احمدیت کا پودا لگا۔ باقاعدہ جماعت کا قیام 1915ء میں عمل میں آیا اور کیرالہ کے علاقہ کینانور میں پہلی جماعت قائم ہوئی۔

اس وقت صوبہ کیرالہ (Kerala) چھ زونز میں تقسیم ہے اور مجموعی طور پر 578 بڑی مضبوط اور فعال جماعتیں ہیں اور یہاں 16 مربیان کرام اور 18 معلمین کرام خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔

صوبہ کیرالہ میں کوڈونگلور (Kodungallur) ساحل سمندر پر وہ شہر ہے جہاں پرانے زمانہ میں بندرگاہ تھی اور دنیا کے مختلف ممالک سے آنے والے قافلے یہیں اترا کرتے تھے۔ حضرت مالک بن دینارؓ نے پہلی مسجد یہیں تعمیر کروائی۔ جو مسجد مالک دینار کہلاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس جگہ بھی بڑی مخلص اور فدائی جماعت قائم ہے اور چار ہزار چار سو مربع میٹر کے رقبہ پر ایک مخلص احمدی خاتون اہلیہ مکرم احمد اسماعیل صاحب نے تیس لاکھ روپے کی لاگت سے بیت تعمیر کروائی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس وقت تک صوبہ کیرالہ میں ہماری 51 بیوت الذکر تعمیر ہوچکی ہیں۔ تین مقامات پر بڑے وسیع وعریض مشن ہاؤسز کی تعمیر بھی مکمل ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ چار مقامات Karulai، Calicut، Koodali اور Payangadi کے مقامات پر جماعت کے فضل عمر پبلک سکول بھی جاری ہیں۔ ان چاروں سکولوں میں مجموعی طور پر 1234 طلباء تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور اساتذہ کی تعداد 80 ہے۔ جماعت کو یہاں تعلیم کے میدان میں بھی خدمت کی توفیق مل رہی ہے۔

## 25 نومبر 2008ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنی رہائش گاہ کے بیرونی لان (Lawn) میں جہاں مقامی جماعت نے نماز کی ادائیگی کا انتظام کیا تھا، تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

## بیت القدوس آمد

پروگرام کے مطابق ساڑھے دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور احمدیہ بیت القدوس کالی کٹ کے لئے روانگی ہوئی۔ پولیس کی دو گاڑیاں قافلہ کے ساتھ تھیں۔ ایک گاڑی اپنے مخصوص سائرن کے ساتھ قافلہ کو Escort کر رہی تھی جبکہ دوسری گاڑی قافلہ کی گاڑیوں کے پیچھے تھی اور مختلف چوراہوں میں ڈیوٹی پر مامور پولیس راستہ کلیئر کرتی تھی۔ پونے گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی احمدیہ بیت القدوس تشریف آوری ہوئی۔ جہاں جماعتی عہدیداران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو خوش آمدید کہا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ بچوں نے جو ایک ہی طرز کے خوبصورت لباس میں ملبوس تھے۔ خوش الحانی کے ساتھ کورس کی صورت میں دعائیہ نظمیں پیش کیں۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت کی بیرونی دیوار میں

نصب یادگاری تختی کی نقاب کشائی فرمائی۔

## استقبالیہ تقریب

بیت سے ملحقہ علاقہ میں ایک بڑی مارکی لگا کر استقبالیہ تقریب کا انتظام کیا گیا تھا۔ جہاں ہزاروں کی تعداد میں احباب اور بیت کے ایک احاطہ میں خواتین حضور انور کی آمد کی منتظر تھیں۔

نقاب کشائی کے بعد جونہی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس مارکی میں تشریف لائے احباب نے بڑے ولولہ انگیز اور پُرجوش نعرے بلند کئے اور کافی دیر تک فضا نعروں سے گونجتی رہی۔ احباب میں ایک غیر معمولی جوش اور جذبہ تھا۔ نعرے لگاتے تھے اور روتے تھے۔ ایسا روح پرور منظر کہ خلیفہ وقت ان کے درمیان موجود ہوں انہوں نے اپنی زندگیوں میں پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔

## استقبالیہ نغمے

حضور انور سٹیج پر تشریف فرما ہوئے تو خدام کے ایک گروپ نے جو سفید شرٹس اور سیاہ رنگ کی پتلون پہنے ہوئے تھا۔ حضرت اقدس مسیح موعود کا عربی قصیدہ

علمی من الرحمن ذی الآلاء

خوش الحانی سے پڑھا اور پھر اردو منظوم کلام

ع

فسبحان الذی اخزی الاعادی

کے کچھ شعر پڑھ کر سنائے۔

خدام کے بعد اطفال کے گروپ نے جو سفید لباس پہنے ہوئے تھے، حضور انور کی خدمت میں استقبالیہ گیت۔ اھلاً وسھلاً و مرحبا پیش کیا۔ بعد ازاں نظم ع

ہے دست قبلہ نما لا الہ الا اللہ

اور عربی قصیدہ ع

یا عین فیض اللہ والعرفان

خوش الحانی سے پیش کیا۔

اس کے بعد خدام کے ایک دوسرے گروپ نے عربی قصیدہ ع

یا عین فیض اللہ والعرفان

اور اردو منظوم کلام ع

ہے شکر رب عز و جل خارج از بیاں

حمد و ثنا اسی کو جو ذات جاودانی

کے چند اشعار خوش الحانی سے پیش کئے۔ نیز حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے منظوم کلام

ع

آئے وہ دن کہ ہم جن کی چاہت میں گنتے تھے دن اپنی تسکین جاں کے لئے

کے چند اشعار پیش کئے۔ بعد ازاں خدام نے ملیالم زبان میں ایک نظم پیش کی۔

## حضور انور کا خطاب

سوا گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مختصر خطاب فرمایا۔

حضور انور نے تشہد و تعوذ کے بعد فرمایا:۔

اس وقت آپ جو یہاں پر سامنے بیٹھے ہیں۔ اس کی غرض صرف ملاقات تھی کہ آج آپ لوگوں سے ملاقات ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہاں جمعہ بھی ادا ہوگا اس میں بہت ساری باتیں کرنے والی ہوں گی۔ آپ سے کروں گا انشاء اللہ۔ لیکن کیونکہ آپ کے چہروں سے بھی لگ رہا ہے کہ آپ کو کچھ سننے کا انتظار ہے۔ اس لئے ایک دو باتیں کر دیتا ہوں۔

آپ کو اللہ تعالیٰ نے توفیق دی کہ اس زمانے کے امام مہدی کو، مسیح موعود کو قبول کیا۔ یہ نظم، مجھے سمجھ تو نہیں آئی ملیالم زبان میں پڑھی گئی ہے لیکن چند فقروں سے الفاظ سے لگ رہا تھا کہ امام مہدی کی آمد اور ثریا سے ایمان لانے کے قصہ کو بیان کیا جا رہا ہے۔ بہر حال آپ کو اللہ تعالیٰ نے توفیق دی کہ آپ نے آنے والے امام کو مسیح موعود، مہدی معہود کو مانا۔ اب اس ماننے کے بعد آپ پر ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں کہ جو توقعات حضرت مسیح موعود نے ہم سے کی تھیں ان پر پورا اترنے کی بھی کوشش کریں۔

حضور انور نے فرمایا جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں وہ یہ ہیں کہ اب آپ لوگ اپنے اندر تبدیلی پیدا کریں۔ اپنا تعلق اللہ تعالیٰ سے مضبوط کریں۔ عبادتوں اور نمازوں کی طرف توجہ دیں اور اسی طرح جو دوسری نیکیاں ہیں جن کا خدا تعالیٰ نے حکم دیا ہے، بیشمار ہیں ان کو بجا لانے کی کوشش کریں۔ تا کہ آپ کے نیک نمونے اس علاقے میں قائم ہوں اور آپ کا جو نیک نمونہ ہے وہ احمدیت کو اس علاقے میں پھیلانے میں ممد و معاون ثابت ہو۔

حضور انور نے فرمایا یقیناً آپ میں یا آپ کے بڑوں میں نیکیاں تھیں جس کی وجہ سے خدا تعالیٰ نے آپ کو توفیق دی کہ احمدیت کو قبول کیا۔ ان نیکیوں کو جاری رکھنا اور ان سے فیض پانا بھی اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ کوشش کرتے رہو گے تو جاری رہیں گی۔ پس آپ کوشش کریں۔

حضور انور نے فرمایا آپ کے چہروں پر میں دیکھ رہا ہوں ایک سکون، ایک اطمینان ہے، ایک نیکی ہے جو ایک احمدی کے چہرے پر ہونی چاہئے تو امید ہے آپ اس نیکی کو مزید بڑھائیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔ آمین

اس مختصر خطاب کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سب کو السلام علیکم کہا اور خواتین کے حصہ کی طرف تشریف لے گئے۔ جہاں خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔

## میڈیا کوریج

آج کی اس استقبالیہ تقریب کی کوریج کے لئے درج ذیل چار اخبارات، ایک نیوز ایجنسی اور چار ٹی وی چینلز کے نمائندے اور جرنلسٹ آئے تھے۔

1۔ Mathrubhumi (ملیالم زبان کا اخبار ہے)

2۔ Malayala Manorama (اس اخبار کی ڈیڑھ ملین اشاعت ہے)

3۔ Madhyaman (ملیالم زبان کا اخبار)

4۔ The Hindu (ملک کا نیشنل اخبار)

5۔ PTI (Press Trust of India) (نیوز ایجنسی)

6۔ ACV News (TV چینل)

7۔ India Vision (TV چینل)

8۔ C-Net (TV چینل)

9۔ Amirtha TV

ان سبھی نے آج کی استقبالیہ تقریب کی رپورٹس تیار کیں اور ریکارڈنگ کی۔

## ملاقاتیں

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے آئے جہاں پروگرام کے مطابق فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

آج صوبہ کیرالہ کے Malapduram زون کی آٹھ جماعتوں Kalkulam، Tiur، Karvlai، Chungathara، Pathappiriyam، Vaniyombalam، Manjeri اور Edappal کی 120 فیملیز کے 994 افراد نے حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ یہ سبھی جماعتیں 50 سے 100 کلومیٹر تک کے فاصلہ سے ملاقات کے لئے آئی تھیں۔ یہ سبھی لوگ اپنے پیارے آقا سے مل کر بے حد خوش تھے۔ ان کے چہرے خوشی و مسرت سے معمور تھے، ان کے چہروں پر رونق تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بڑے بچوں کو قلم عطا فرمائے اور چھوٹی عمر کے بچوں کو ازراہ شفقت چاکلیٹ عطا فرمائیں۔ ساتھ ساتھ تصاویر بن رہی تھیں۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام دوپہر سوا ایک بجے تک جاری رہا۔ بعد ازاں ڈیڑھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت القدوس کالی کٹ میں تشریف لا کر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت کچھ دیر کے لئے لجنہ کی طرف تشریف لے گئے۔

## لجنہ سے خطاب

حضور انور نے خواتین کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا۔ اس وقت خواتین کو میں سلام کرنے کے لئے آیا ہوں۔ کل انشاء اللہ یہاں لجنہ کا فنکشن ہے۔ اس میں آپ کو جو باتیں کہنی ہیں وہ آ کے کہوں گا۔ مجھے آج ملاقات میں کافی ساری خواتین جو یہاں بیٹھی ہوئی ہیں مل چکی ہیں۔ کچھ آج کی شام کی ملاقاتوں میں مل لیں گی۔ اس لئے ابھی اس وقت کسی فنکشن کی ضرورت نہیں۔

اس کے بعد ناصرات نے ایک خیر مقدمی گیت پیش کیا۔ اس کے بعد حضور انور نے فرمایا اب باقی ترانے کل آپ کے پروگرام میں سنوں گا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت القدوس سے روانہ ہو کر اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

## بیت القدوس کا تعارف

جماعت کالی کٹ کی بیت القدوس Muthalakulam کے علاقہ میں واقع ہے۔ بیت کی تعمیر کے لئے 1978ء میں نصف ایکڑ رقبہ خریدا گیا اور 8 نومبر 1981ء کو اس کا سنگ بنیاد رکھا گیا جبکہ اکتوبر 1986ء کو اس کا افتتاح مکرم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب مرحوم ناظر اعلیٰ قادیان نے فرمایا۔ اس بیت کے ساتھ جماعتی دفاتر ہیں اور ایک گیسٹ روم بھی ہے۔ اس بیت کی تین منازل ہیں۔ بیت کے ساتھ کھلی جگہ میں ایک لائبریری اور نمائش کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔

## ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق آج شام کو بھی فیملی ملاقاتیں تھیں۔ ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور بیت القدوس کے لئے روانگی ہوئی۔ پونے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بیت پہنچے اور اپنے دفتر تشریف لے گئے جہاں پروگرام کے مطابق خواتین اور مردوں کی علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

خواتین باری باری حضور انور کے سامنے سے گزرتیں، شرف زیارت حاصل کرتیں۔ دعا کے لئے عرض کرتیں۔ حضور انور بڑی بچیوں کو قلم اور چھوٹی عمر کی بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرماتے۔ خواتین کی ملاقات کے بعد مرد احباب کی ملاقات شروع ہوئی۔ مرد احباب بھی باری باری حضور انور کے سامنے سے گزرتے۔ شرف مصافحہ حاصل کرتے۔ حضور انور کے دست مبارک کو بوسہ دیتے۔ حضور انور احباب سے گفتگو فرماتے۔ حضور انور نے ازراہ شفقت طلباء کو قلم عطا فرمائے اور بچوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام شام ساڑھے سات بجے تک جاری رہا۔ آج صوبہ کیرالہ کے Kannur Zone کی درج ذیل دس جماعتوں کی 212 فیملیز کے 1350 افراد نے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔

Manjeshwar، Mangapuram، Kannur، Payangadi، Mogral، Majjanur، Kannur City، Town، Thalashery، Kadalai، Koodali۔

ان سبھی جماعتوں سے آنے والی فیملیز 80 کلومیٹر سے لے کر 200 کلومیٹر تک کا فاصلہ طے کر کے اپنے پیارے آقا سے ملاقات کے لئے آئی تھیں۔ ان میں سے بہت بڑی تعداد ایسی فیملیز کی تھی

جو اپنی زندگیوں میں پہلی مرتبہ خلیفہ وقت سے مل رہی تھیں۔ یہ ان کی ساری زندگی میں آنے والے انتہائی قیمتی لمحات تھے۔ ان چند لمحات کے اندر ہی یہ پیار و محبت اور دعاؤں اور برکتوں کے ایسے خزانے لے کر لوٹ رہی تھیں جو کبھی نہ ختم ہونے والے تھے، ان کی آئندہ نسلیں بھی ان خزانوں اور برکتوں سے فیضیاب ہوں گی۔ اللہ یہ سعادتیں ان سب کے لئے مبارک فرمائے اور ان برکتوں کو سمیٹنے کی توفیق بخشے۔

ملاقاتوں کے بعد پونے آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت القدوس میں تشریف لا کر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد پولیس کے Escort میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

## میڈیا کوریج

آج ایک ملیالم زبان کے اخبار Rashtra Deepike نے اپنی 25 نومبر 2008ء کی اشاعت میں پہلے صفحہ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی بیت القدوس میں آمد کی تصویر شائع کرتے ہوئے خبر دی۔

احمدیہ ...... کے عالمی روحانی لیڈر خلیفۃ المسیح الخامس ......حضرت مرزا مسرور احمد صاحب کو آج صبح کالی کٹ کے احمدیہ ...... جماعت کی ...... میں دیئے گئے استقبالیہ کا منظر۔

ایک دوسری اخبار Mathrubhumi Daily نے اپنی 25 نومبر 2008ء کی اشاعت میں حضور انور کی تصویر شائع کرتے ہوئے لکھا۔

احمدی ...... کے عالمگیر روحانی راہنما خلیفۃ المسیح الخامس حضرت مرزا مسرور احمد آج کالی کٹ میں تشریف لے آئے۔ آپ کے اس مختصر دورہ کا مقصد اپنے متبعین سے ملاقات ہے۔

کالی کٹ میں کیرالہ کے چھ زونل امیروں کی قیادت میں پُر جوش استقبال کیا گیا۔ احمدیہ خلافت کو پورے سو سال ہونے کے حوالہ سے ہندوستان کے احمدیوں کے روحانی مرکز قادیان میں ہونے والے صد سالہ جوبلی کے اختتام میں آپ شرکت فرمائیں گے۔

مذہب ...... کا امن بخش پیغام دنیا کو دیتے ہوئے خلیفہ نے اپنا عالمی دورہ شروع فرمایا۔ افریقہ، امریکہ، یورپ، ایشیا وغیرہ ممالک کا دورہ کرنے کے بعد آپ قادیان میں اختتامی جلسہ سے خطابات فرمائیں گے۔

اس مہینہ کے پہلے ہفتہ میں برٹش پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں نے اجتماعی طور پر احمدیہ خلیفہ کو اعزاز بخشا تھا۔

احمدیہ خلافت کا نعرہ Love For All Hatred For None ہے۔ دنیا کے 193 ممالک میں یہ جماعت پھیلی ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب

# ڈینگی بخار Dengue Fever

آجکل ڈینگی بخار کا چرچا ہے۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اپنے قارئین کو اس بیماری کے بارہ میں مختصراً بتایا جائے اور اس کے اسباب، علاج اور سدباب کا کچھ تذکرہ کیا جائے۔

## سبب

ڈینگی بخار کی وجہ ایک وائرس ہے جو Flavi Virus گروپ سے تعلق رکھتا ہے۔ انسانوں میں یہ ایک مچھر Aedes Aegypti کے ذریعہ پھیلتا ہے۔ یاد رہے ملیریا کو پھیلانے والا مچھر Anopheline گروپ سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ وائرس مچھر کے کاٹنے سے انسان میں منتقل ہوتا ہے اور افزائش کے بعد بیماری پیدا کرتا ہے۔ چند جنوب مشرقی ایشیائی ممالک میں یہ بیماری مچھر Aedes Albopictus کے ذریعہ بھی پھیلتی ہے۔ ڈینگی وائرس کی چار اقسام ہیں لیکن سب ایک طرح کا مرض پیدا کرتی ہیں۔ یہ مچھر صاف پانی میں پرورش پاتا ہے اور طلوع و غروب آفتاب کے وقت حملہ آور ہوتا ہے۔ شدید سردی اور گرمی میں یہ مچھر زندہ نہیں رہتے۔

## علامات

ڈینگی بخار عموماً ایک خود بخود ختم ہونے والا Self-Limited بخار ہے جس میں علامات نہ ہونے سے لے کر شدید علامات مثلاً خون بہنے اور Shock تک ہوسکتی ہیں۔ مچھر کاٹنے اور وائرس کی منتقلی کی رو سے سات دنوں میں وائرس کی انسانی جسم میں تعداد بڑھ جاتی ہے اور اس مرض کی ابتدائی علامتیں شروع ہو جاتی ہیں۔ ابتدائی طور پر سر درد، تھکن اور سستی ہوتی ہے جس کے بعد یکدم تیز بخار شروع ہو جاتا ہے۔ بخار کے ساتھ ریڑھ کی ہڈی میں شدید درد، جوڑوں میں درد، سر درد اور بعد ازاں پورے جسم کے انگ انگ میں دکھن کا احساس اور شدید دردیں ہوتی ہیں۔ اسے عرف عام میں Break Bone Fever کہا جاتا ہے۔ آنکھوں کی حرکت تکلیف دہ ہو جاتی ہے۔ آنکھوں میں پانی اترنا، بھوک کی کمی، متلی، قے، دل کی رفتار کا کم ہونا، ڈپریشن، آنکھوں میں سرخی وغیرہ بھی اس مرض کی عمومی علامات میں شامل ہیں۔ بخار مسلسل بھی ہوسکتا ہے اور بعض اوقات یکدم تیزی کے بعد چوتھے یا پانچویں روز ٹوٹ جاتا ہے لیکن ایک بار پھر شدت اختیار کر جاتا ہے۔ جسم پر چھوٹے چھوٹے دھبے پہلے ایک دو دن میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ تیسرے سے پانچویں روز سرخی مائل دھبے ہتھیلیوں اور تلووں کے سوا پورے جسم پر نکل آتے ہیں۔ ان سرخی مائل دھبوں پر اگر دباؤ ڈالا جائے تو وقتی طور پر بے رنگ ہو جاتے ہیں۔ ڈینگی بخار کی شدید صورت Dengue Hemorrhagic Fever یا Dengue Shock Syndrome کہلاتی ہے۔ اس میں خون کو جمانے والے ذرات Platelets اور سفید خلیات کم ہو جاتے ہیں۔ ابتداءً ناک، کان، منہ سے اور پھر معدے اور آنتوں سے بھی خون جاری ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں Disseminated Intravascular Coagulation کی وجہ سے خون کی نالیوں میں خون جم کر پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

خون کے ٹیسٹوں سے اس کی تشخیص کی جاتی ہے۔

(i) اس وائرس کو خون کے نمونوں سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے۔

(ii) اس کا Antibody Titre خون میں بڑھ جاتا ہے۔

(iii) PCR کے ذریعہ بھی اس کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔

## علاج

اس کا کوئی مخصوص علاج نہیں ہے۔ شدید دردوں اور بخار کی صورت میں پیراسیٹا مول لی جا سکتی ہے۔ اسپرین لینے سے پرہیز کرنا چاہئے کیونکہ یہ خون کو پتلا کر دیتی ہے۔ مریض کو مشروبات، گلوکوز اور زیادہ پانی پینے کی ہدایت کرنی چاہئے۔ مناسب آرام تکلیف کم کرنے میں مد ہوتا ہے۔ خون زیادہ مقدار میں بہنے پر شدید صورتوں میں انتقال خون کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اس کی ویکسین Vaccine بنانے پر کام ہو رہا ہے لیکن تا حال مارکیٹ میں کوئی ویکسین نہیں ہے۔ اسی طرح کوئی دافع وائرس Antiviral دوائی بھی فی الحال مؤثر نہیں ہے۔

## بچاؤ

پرہیز علاج سے بہتر ہے کا مقولہ ڈینگی بخار پر پوری طرح صادق آتا ہے۔ کیونکہ اس سے بچاؤ کے لئے معمولی کاوش بیماری سے آپ کو بچا سکتی ہے۔ مچھروں کی افزائش کو روکنا اس کے علاج میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ لہٰذا مچھروں کی افزائش کی جگہوں کو ختم کرنا چاہئے۔ کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں کو تلف کر دیں اور ان پر مچھر مار سپرے کریں۔ گھروں میں مچھر مار سپرے کا استعمال کریں خصوصاً شام کے اوقات میں۔ گملوں اور پودوں کی کیاریوں میں پانی جمع نہ ہونے دیں۔ یہ مچھر عموماً طلوع اور غروب آفتاب کے وقت حملہ آور ہوتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ ان اوقات میں خود کو مچھروں کے کاٹنے سے بچایا جائے اور چہرہ اور جسم ڈھانپ کر رکھا جائے۔ جسم کے کھلے حصوں پر مچھر دور رکھنے والے لوشن استعمال کریں۔ پارکوں اور باغیچوں میں سیر کرتے ہوئے بازو اور جسم کو پورے بازوؤں والی قمیص سے ڈھانپے رکھیں۔ پانی ذخیرہ کرنے کے برتنوں، ٹینکیوں، ڈرموں وغیرہ کو ڈھانپ کر رکھنا بہت ضروری ہے۔

☆......☆......☆

## حلف الفضول

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے تحریر فرماتے ہیں:۔

قدیم زمانہ میں عرب کے بعض شریف دل اشخاص کو یہ خیال پیدا ہوا تھا کہ باہم مل کر عہد کیا جاوے کہ ہم ہمیشہ حقدار کو اس کا حق حاصل کرنے میں مدد دیں گے اور ظالم کو ظلم سے روکیں گے اور عربی میں چونکہ حق کو فضل بھی کہتے ہیں جس کی جمع فضول ہے، اس لئے اس معاہدہ کا نام حلف الفضول رکھا گیا۔ بعض روایتوں کی رو سے چونکہ اس تجویز کے محرک ایسے شخص تھے جن کے ناموں میں فضل کا لفظ آتا تھا، اس لئے یہ عہد حلف الفضول کے نام سے مشہور ہو گیا۔ بہرحال حرب فجار کے بعد اور غالباً اسی جنگ سے متاثر ہو کر آنحضرت ﷺ کے چچا زبیر بن عبدالمطلب کے دل میں یہ تحریک پیدا ہوئی کہ اس حلف کو پھر تازہ کیا جاوے۔ چنانچہ اس کی تحریک پر بعض قبائل قریش کے نمائندگان عبداللہ بن جدعان کے مکان پر جمع ہوئے جہاں عبداللہ بن جدعان کی طرف سے ایک دعوت کا انتظام تھا اور پھر سب نے اتفاق کر کے باہم قسم کھائی کہ ہم ہمیشہ ظلم کو روکیں گے اور مظلوم کی مدد کریں گے۔ اس عہد میں حصہ لینے والوں میں بنو ہاشم، بنو مطلب، بنو اسد، بنو زہرہ اور بنو تیم شامل تھے۔

